© rasailojaraid.com



## جارج ٹاؤن یونیورسٹی میں "مرکز برائے مسلم - مسیحی مفاہمت" کا قیام

حال ہی میں جارج ٹاؤن یونیورسٹی میں "مرکز برائے مسلم - مسیحی مفاہمت" (Centre for Muslim - Christian Understanding) کا قیام عمل میں آیا ہے۔ اس کا مقصد یونیورسٹی حکام کے الفاظ میں "دو عظیم مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان مفاہمت کو فروغ دینے" کی خواہش ہے۔ مرکز کی سربراہی کے لیے یونیورسٹی کی نظرِ انتخاب معروف امریکی مستشرق ڈاکٹر جان - ایل - اسپوسیٹو پر پڑی ہے۔

ڈاکٹر جان - ایل - اسپوسیٹو مذکورہ بالا منصب پر فائز ہونے سے پہلے ہولی کراس کالج - ووسٹر کے "شعبۂ مشرقِ وسطیٰ" کے سربراہ تھے۔ وہ "مڈل ایسٹ اسٹڈیز ایسوسی ایشن" کے سابق صدر ہیں اور آکسفورڈ یونیورسٹی کے Encyclopaedia of The Modern Islamic World (جدید دنیائے اسلام کا دائرۃ المعارف) کے مدیرِ اعلیٰ ہیں۔

ڈاکٹر جان - ایل - اسپوسیٹو اسلام اور اسلامی دنیا کے بارے میں متعدد کتابوں کے مصنف و مرتّب ہیں۔

"دی واشنگٹن رپورٹ آن مڈل ایسٹ افیئرز" کے مطابق امریکہ میں قائم "ایسوسی ایشن آف مسلم سوشل سائنٹسٹس" کے سیکرٹری جنرل اور "امریکن جرنل آف سوشل سائنسز" کے مدیرِ اعلیٰ ڈاکٹر سیّد سعید نے "مرکز برائے مسلم - مسیحی مفاہمت" کی سربراہی کے لیے ڈاکٹر اسپوسیٹو کے انتخاب کا خیر مقدم کیا ہے اور اس نئے مرکز کے مقاصد کے حصول کے لیے اپنے تعاون کا یقین دلایا ہے۔

## ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے مسیحیوں کی اکثریت بائبل نہیں پڑھتی۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا ایک مقبول ٹیلی وژن پروگرام Jeopardy ہے۔ یہ ایک Quiz Show ہے جس میں سوالوں کے دیے گئے ممکنہ جوابوں میں سے درست جواب نہیں پوچھا جاتا بلکہ اس عمومی انداز کے برعکس یکے بعد دیگرے پانچ اشارات / جوابات سے ایک سوال تک پہنچنا ہوتا ہے۔ پروگرام کے مرتّبین ہر دفعہ چھ موضوعات کا انتخاب کرتے ہیں۔ ۱۹۹۳ء میں انھوں نے اپنے



© rasailojaraid.com